روزنامہ
CPL 61
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
PH: 0092 4524 213029
جمعہ 25-مئی 2001ء، 25 ہجرت 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 115

خلیفہ خدا بناتا ہے

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے مجھے اپنی بیماری کے دوران فرمایا: مجھے ڈر ہے کہ کئی خواہش رکھنے والے اٹھ کھڑے ہوں گے اور کہیں گے میں خلافت کا زیادہ حقدار ہوں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ اور مومن ابوبکر کے سوا کسی کو خلیفہ بنانے پر راضی نہیں ہوں گے۔

(مسلم کتاب فضائل الصحابہ باب فضائل ابوبکر)

دوسری دائمی قدرت کا آنا ضروری ہے، جو قیامت تک منقطع نہیں ہوگی

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔ اور وہ دوسری قدرت نہیں آسکتی جب تک میں نہ جاؤں لیکن جب میں جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی۔............سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے......میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا۔ اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور بھی وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔

(الوصیۃ۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 304-306)

خدا تعالیٰ اس جماعت کو ہرگز ضائع نہیں کرے گا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:

خدا تعالیٰ نے جس کام پر مجھے مقرر کیا ہے۔ میں بڑے زور سے خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اب میں اس کُرتے کو ہرگز نہیں اتار سکتا۔ اگر سارا جہان بھی اور تم بھی میرے مخالف ہو جاؤ تو میں تمہاری بالکل پرواہ نہیں کرتا اور نہ کروں گا۔ خدا کے مامور کا وعدہ ہے اور اس کا مشاہدہ ہے۔ کہ وہ اس جماعت کو ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔ اس کے عجائبات قدرت بہت عجیب ہیں اور اس کی نظر بہت وسیع ہے۔ تم معاہدہ کا حق پورا کرو پھر دیکھو کس قدر ترقی کرتے ہو اور کیسے کامیاب ہوتے ہو۔"

(خطبات نور ص 419)

تمہاری ترقیات خلافت سے وابستہ ہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:

تم خوب یاد رکھو کہ تمہاری ترقیات خلافت کے ساتھ وابستہ ہیں اور جس دن تم نے اس کو نہ سمجھا اور اسے قائم نہ رکھا وہی دن تمہاری ہلاکت اور تباہی کا دن ہوگا۔ لیکن اگر تم اس کی حقیقت کو سمجھے رہو گے اور اسے قائم رکھو گے تو پھر اگر ساری دنیا مل کر بھی تمہیں ہلاک کرنا چاہے گی تو نہیں کر سکے گی اور تمہارے مقابلہ میں بالکل ناکام و نامراد رہے گی۔ جیسا کہ مشہور ہے اسفندیار ایسا تھا کہ اس پر تیر اثر نہ کرتا تھا۔ تمہارے لئے ایسی حالت خلافت کی وجہ سے پیدا ہو سکتی ہے۔ جب تک تم اس کو پکڑے رکھو گے تو کبھی دنیا کی مخالفت تم پر اثر نہ کر سکے گی۔

(درس القرآن المجید مطبوعہ 1921ء ص 73)

خلیفہ خود اللہ تعالیٰ بناتا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:

ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ خلیفہ اللہ تعالیٰ ہی بناتا ہے۔ اگر بندوں پر اس کو چھوڑا جاتا تو جو بھی بندوں کی نگاہ میں افضل ہوتا اسے ہی وہ اپنا خلیفہ بنا لیتے۔ لیکن خلیفہ خود اللہ تعالیٰ بناتا ہے اور اس کے انتخاب میں کوئی نقص نہیں۔ وہ اپنے ایک کمزور بندے کو چنتا ہے جسے وہ بہت حقیر سمجھتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کو چن کر اس پر اپنی عظمت اور جلال کا ایک جلوہ کرتا ہے اور جو کچھ وہ تھا اور جو کچھ اس کا تھا اس میں سے وہ کچھ بھی باقی نہیں رہنے دیتا اور خدا تعالیٰ کی عظمت اور جلال کے سامنے کلی طور پر فنا اور بے نفسی کا لبادہ وہ پہن لیتا ہے۔

(الفضل 17 مارچ 1967ء)

خلافت احمدیہ کو کبھی کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوگا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

میں آپ کو ایک خوشخبری دیتا ہوں کہ (-) اب انشاء اللہ خلافت احمدیہ کو کبھی کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوگا۔ جماعت بلوغت کے مقام کو پہنچ چکی ہے خدا کی نظر میں۔ اور کوئی دشمن آنکھ، کوئی دشمن دل، کوئی دشمن کوشش اس جماعت کا بال بھی بیکا نہیں کر سکے گی اور خلافت احمدیہ انشاء اللہ تعالیٰ اسی شان کے ساتھ نشوونما پاتی رہے گی جس شان کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود سے وعدے فرمائے ہیں۔ کم از کم ایک ہزار سال تک یہ جماعت زندہ رہے گی۔ تو دعائیں کریں حمد کے گیت گائیں اور اپنے عہدوں کی پھر تجدید کریں۔

(الفضل 28 جون 1982ء)

میرے دل کی سلطنت کے آپ ہی سلطان ہیں

حضور انور کی خدمت اقدس میں عقیدت کے مہکتے پھول

زندگی دیتا ہے ہم کو مسکرانا آپ کا غم بھلاتا ہے ہمیں منبر پہ آنا آپ کا
ہم کو سو جاں سے ہے پیارا آستانہ آپ کا دیکھنا ہے آپ کو گویا کہ پانا آپ کا
آپ جتنے دن بھی نظروں سے مری اوجھل رہے
میرے آقا! دن وہ ہم سب پر بہت بوجھل رہے

آپ ہی تو زندگی ہیں زندگی کی شان ہیں میرے دل کی سلطنت کے آپ ہی سلطان ہیں
تلخیٔ حالات میں اک آپ اطمینان ہیں کیا ہوا جو اب دیارِ غیر کے مہمان ہیں
اہلِ دل کیسے بھلا دیں مہربانی آپ کی
یاد ہے ہم سب کو شفقت مہربانی آپ کی

پیار کرتے ہیں بہت تیری گلی کی خاک سے کھیلتے ہیں دھول سے پھرتے ہیں داماں چاک سے
ایک نسبت ہے ترے گھر کے خس و خاشاک سے چار پشتوں سے تعلق ہے مسیح پاک سے
یہ محبت وہ ہے دامن اپنا پھیلاتی ہے جو
یہ وہ مے ہے آدمی کو ہوش میں لاتی ہے جو

سننے کو ملتے ہیں ہم کو تازہ ارشادات روز ہوتی ہے نکہت کی رنگ و نور کی برسات روز
ہے بدلتا ایک چہرہ قسمت و حالات روز عیش میں گویا گزر جاتے ہیں اپنے سات روز
یہ خدائے ذوالمنن کا فضل و احساں کم نہیں
ہجرتوں کی رت ہے لیکن ہجر کا موسم نہیں

عدل کے جاری کرے گی سلسلے اگلی صدی امن کی برسات میں پھولے پھلے اگلی صدی
مندمل کر دے گی سارے آبلے اگلی صدی دیکھنی ہے آپ کے سایہ تلے اگلی صدی
آپ ہیں تو رونقیں ہی رونقیں ہیں ہر طرف
مسکراتے رنگ کھلتی کونپلیں ہیں ہر طرف

پیار ہے تجھ سے محبت کی قسم کھاتے ہیں ہم فخر ہے اس رشتہ خاطر پہ اتراتے ہیں ہم
حکم دیں ہمکو تو سر کے بل چلے آتے ہیں ہم دیکھ لیں جو آپ کو تو سیر ہو جاتے ہیں ہم
ہم کو ہے منظور تھوڑی سی جھلک سکرین پر
ہو کرم مجھ سے تہی داماں پہ اور مسکین پر

قوم احمد کر رہی ہے بس دعا اس کے لئے شافی مطلق سے مانگے ہے شفا اس کے لئے
لحن داؤدی سے قدسی تو بھی گا اس کے لئے درد دل سے جو قصیدہ ہے لکھا اس کے لئے
کتنی خوش بختی ہے اس کو گر وہ کرتے ہیں قبول
پیش خدمت ہیں عقیدت کے مہکتے چند پھول

عبدالکریم قدسی

پبلشر آغا سیف اللہ- پرنٹر قاضی منیر احمد) مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 6 روپے- سالانہ 900 روپے

خلافت کے متعلق حضرت مسیح موعود اور خلفائے سلسلہ احمدیہ کے حقیقت افروز ارشادات

خلیفہ ظلی طور پر رسول کے کمالات اپنے اندر رکھتا ہے

نبیوں کے مشن کی تکمیل خداتعالیٰ خلفاء کے ذریعہ کرتا ہے

خلافت احمدیہ حضرت مسیح موعود کے وعدوں کے مطابق ایک ہزار سال قائم رہے گی

مرتبہ: مکرم عبدالستار خان

ارشادات حضرت مسیح موعودؑ

برکات رسالت کا ذریعہ

خلیفہ جانشین کو کہتے ہیں اور رسول کا جانشین حقیقی معنوں کے لحاظ سے وہی ہو سکتا ہے جو ظلی طور پر رسول کے کمالات اپنے اندر رکھتا ہو اس واسطے رسول کریمؐ نے نہ چاہا کہ ظالم بادشاہوں پر خلیفہ کا لفظ اطلاق ہو کیونکہ خلیفہ درحقیقت رسول کا ظل ہوتا ہے اور چونکہ کسی انسان کے لئے دائمی طور پر بقا نہیں۔ لہٰذا خداتعالیٰ نے ارادہ کیا کہ رسولوں کے وجود کو جو تمام دنیا کے وجودوں سے اشرف و اولیٰ ہیں۔ ظلی طور پر ہمیشہ کے لئے تاقیامت قائم رکھے۔ سو اسی غرض سے خداتعالیٰ نے خلافت کو تجویز کیا۔ تا دنیا کبھی اور کسی زمانہ میں برکات رسالت سے محروم نہ رہے۔

(شہادۃ القرآن روحانی خزائن جلد نمبر6 ص 353)

اللہ تعالیٰ خود خلیفہ مقرر کرتا ہے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کیوں اپنے بعد خلیفہ مقرر نہ کیا اس میں بھی یہی بھید تھا کہ آپ کو خوب علم تھا کہ اللہ تعالیٰ خود ایک خلیفہ مقرر فرمائے گا کیونکہ یہ خدا کا ہی کام ہے اور خدا کے انتخاب میں نقص نہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اس کام کے واسطے خلیفہ بنایا۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 525)

خطرات میں حفاظت کا ذریعہ

جب کوئی رسول یا مشائخ وفات پاتے ہیں تو دنیا پر ایک زلزلہ آجاتا ہے اور وہ ایک بہت ہی خطرناک وقت ہوتا ہے۔ مگر خدا کسی خلیفہ کے ذریعہ اس کو مٹاتا ہے اور پھر گویا اس امر کا از سر نو اس خلیفہ کے ذریعہ اصلاح و استحکام ہوتا ہے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 524)

خلافت کے آسمانی نظام کے قیام کی بشارت

"یہ خداتعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے کہ اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے......اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہیں کے ہاتھ سے کر دیتا ہے لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا۔ بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن و تشنیع کا موقعہ دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔ غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے (1) اول خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے۔ (2) دوسرے ایسے وقت میں جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آجاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں تب خداتعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ پس وہ جو اخیر تک صبر کرتا ہے خداتعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے وقت ہوا جب کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موت ایک بے وقت موت سمجھی گئی اور بہت سے بادیہ نشین نادان مرتد ہو گئے اور صحابہؓ بھی مارے غم کے دیوانوں کی طرح ہو گئے۔ تب خداتعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کھڑا کر کے دوبارہ اپنی قدرت کا نمونہ دکھایا۔ اور اسلام کو نابود ہوتے ہوتے تھام لیا..... سو اے عزیزو! جب کہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خداتعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا کہ مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلاوے۔ سو اب ممکن نہیں کہ خداتعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دے اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔ اور وہ دوسری قدرت نہیں آ سکتی جب تک میں نہ جاؤں لیکن جب میں جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی"......

(الوصیت روحانی خزائن جلد20 ص304-305)

سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے.....

میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا۔ اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں اور میرے بعد بعض اور بھی وجود ہونگے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔

(الوصیت روحانی خزائن جلد20 ص306)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الاول

خلیفہ بنانا انسان کا کام نہیں

"میں نے تمہیں بارہا کہا ہے اور قرآن مجید سے دکھایا ہے کہ خلیفہ بنانا انسان کا کام نہیں ہے بلکہ خداتعالیٰ کا کام ہے۔ آدم کو خلیفہ بنایا۔ کس نے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

(میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں)

اس خلافت آدمؑ پر فرشتوں نے اعتراض کیا کہ حضور وہ مفسد فی الارض اور مفسک الدم۔ مگر انہوں نے اعتراض کر کے کیا پھل پایا۔ تم قرآن مجید میں پڑھ لو۔ کہ آخر انہیں آدمؑ کو سجدہ کرنا پڑا۔ پس اگر کوئی مجھ پر اعتراض کرے اور وہ اعتراض کرنے والا فرشتہ بھی ہو تو میں اسے کہہ دوں گا کہ آدم کی خلافت کے سامنے سربسجود ہو جاؤ تو بہتر ہے اور اگر وہ اباء و استکبار کو اپنا شعار بنا کر ابلیس بنتا ہے تو پھر یاد رکھے کہ ابلیس کو آدمؑ کی مخالفت نے کیا پھل دیا۔

پھر میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی فرشتہ بن کر بھی میری خلافت پر اعتراض کرتا ہے تو سعادت مند فطرت اسے اسجدو لآدم کی طرف لے آئے گی۔ اگر ابلیس ہے تو وہ اس دربار سے نکل جائے گا۔ پھر دوسرا خلیفہ داؤد تھا.....(-) داؤد کو بھی خدا ہی نے خلیفہ بنایا۔ اس کی مخالفت کرنے والوں نے تو یہاں تک ایجی ٹیشن کی کہ وہ انارکسٹ لوگ آپ کے قلعہ پر حملہ آور ہوئے اور کود پڑے۔ مگر جس کو خدا نے خلیفہ بنایا تھا کون تھا جو اس کی مخالفت

کرکے نیک نتیجہ دیکھ سکے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما کو خلیفہ بنایا...... کیا تم نہیں دیکھتے کہ کروڑوں انسان ہیں جو ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما پر درود پڑھتے ہیں۔ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھے بھی خدا ہی نے خلیفہ بنایا ہے"

(تاریخ احمدیت جلد چہارم ص 426)

خلیفہ بنانا جناب الٰہی کا کام ہے

"کسی قسم کا خلیفہ ہو۔ اس کا بنانا جناب الٰہی کا کام ہے۔ آدم کو بنایا تو اس نے۔ داؤد کو بنایا تو اس نے۔ ہم سب کو بنایا تو اس نے۔ پھر حضرت نبی کریمؐ کے جانشینوں کو ارشاد ہوتا ہے وعداللہ الذین اٰمنو (-) جو مومنوں میں سے خلیفہ ہوتے ہیں ان کو بھی اللہ ہی بناتا ہے۔ ان کو خوف پیش آتا ہے مگر خداتعالیٰ ان کو تمکنت عطا کرتا ہے۔ جب کسی قسم کی بدامنی پھیلے تو اللہ ان کے لئے امن کی راہیں نکال دیتا ہے جو ان کا منکر ہو اس کی پہچان یہ ہے کہ اعمال صالحہ میں کمی ہوتی چلی جاتی ہے اور وہ دینی کاموں سے رہ جاتا ہے۔

جناب الٰہی نے ملائکہ کو فرمایا کہ میں خلیفہ بناؤں گا کیونکہ وہ اپنے مقربین کو کسی آئندہ معاملہ کی نسبت جب چاہے اطلاع دیتا ہے۔ ان کو اعتراض سوجھا۔ جو ادب سے پیش کیا۔ ایک دفعہ ایک شخص نے مجھے کہا۔ حضرت صاحب نے دعویٰ تو کیا ہے مگر بڑے بڑے علماء اس پر اعتراض کرتے ہیں میں نے کہا وہ خواہ کتنے بڑے ہیں مگر فرشتوں سے بڑھ کر تو نہیں۔ اعتراض تو انہوں نے بھی کر دیا اور کہا (-) کیا تو اسے خلیفہ بناتا ہے جو بڑا فساد ڈالے اور خونریزی کرے۔ یہ اعتراض ہے مگر مولیٰ ہم تجھے پاک ذات سمجھتے ہیں تیری حمد کرتے ہیں تیری تقدیس کرتے ہیں۔ خدا کا انتخاب صحیح تھا مگر خدا کے انتخاب کو ان کی عقلیں کب پا سکتی تھیں"۔

(حقائق الفرقان جلد اول ص 125)

خدا نے جس کو حقدار سمجھا خلیفہ بنا دیا

"...... اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے جس کو حقدار سمجھا خلیفہ بنا دیا۔ جو اس کی مخالفت کرتا ہے وہ جھوٹا اور فاسق ہے۔ فرشتے بن کر اطاعت اور فرمانبرداری اختیار کرو"۔

(تاریخ احمدیت جلد چہارم ص 428)

مجھے خدا نے خلیفہ بنایا ہے

"مجھے خدا نے خلیفہ بنا دیا ہے۔ اب نہ تمہارے کہنے سے معزول ہو سکتا ہوں اور نہ کسی میں طاقت ہے کہ وہ معزول کرے.... دیکھو میری دعائیں عرش میں بھی سنی جاتی ہیں۔ میرا مولا میرے کام میری دعا سے بھی پہلے کر دیتا ہے۔ میرے ساتھ لڑائی کرنا خدا سے لڑائی کرنا ہے....... جو حضرت صاحب کے فیصلہ کے خلاف کرتا ہے وہ احمدی نہیں۔ جن پر حضرت صاحب نے گفتگو نہیں کی ان پر بولنے کا تمہیں خود کوئی حق نہیں۔ جب تک ہمارے دربار سے تم کو اجازت نہ ملے۔ پس جب تک خلیفہ نہیں بولتا یا خلیفہ کا خلیفہ دنیا میں نہیں آتا ان پر رائے زنی نہ کرو"

(تاریخ احمدیت جلد چہارم ص 429)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

خلیفہ خدا ہی بناتا ہے

خوب یاد رکھو کہ خلیفہ خدا بناتا ہے اور جھوٹا ہے وہ انسان جو یہ کہتا ہے کہ خلیفہ انسانوں کا مقرر کردہ ہوتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح مولوی نورالدین صاحب اپنی خلافت کے زمانہ میں چھ سال متواتر اس مسئلہ پر زور دیتے رہے کہ خلیفہ خدا مقرر کرتا ہے نہ انسان۔ اور در حقیقت قرآن شریف کو غور سے مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک جگہ بھی خلافت کی نسبت انسانوں کی طرف نہیں کی گئی"

کون ہے جو خدا کے کام روک سکے

"خلیفہ خدا بناتا ہے۔ اس کے بنانے میں انسانی ہاتھ نہیں ہوتا۔ نہ وہ خود خواہش کرتا ہے اور نہ کسی منصوبے کے ذریعہ وہ خلیفہ ہوتا ہے بلکہ بعض دفعہ تو ایسے حالات میں ہوتا ہے جب کہ اس کا خلیفہ ہونا بظاہر ناممکن سمجھا جاتا ہے۔ چنانچہ یہ الفاظ کہ وعداللہ الذین اٰمنوا (-) خود ظاہر کرتے ہیں کہ خلیفہ خدا ہی بناتا ہے۔ کیونکہ جو وعدہ کرتا ہے وہی دیتا ہے۔ بعض لوگ غلطی سے یہ کہتے ہیں کہ اس وعدے کا یہ مطلب ہے کہ لوگ جس کو چاہیں خلیفہ بنالیں خدا اس کو اپنا انتخاب قرار دے دیگا مگر یہ ایسی ہی بات ہے جیسے ہمارے ایک استاد کا یہ طریق ہوا کرتا تھا کہ جب وہ مدرسہ میں آتا اور کسی لڑکے سے خوش ہوتا تو کہتا اچھا تمہاری جیب میں جو پیسہ ہے۔ وہ میں نے تمہیں انعام میں دیدیا۔ یہ بھی ویسا ہی وعدہ بن جاتا ہے کہ اچھا تم کسی کو خود ہی خلیفہ بنالو اور پھر یہ سمجھ لو کہ اسے میں نے بنایا ہے۔ اور اگر یہی بات ہو تو پھر انعام کیا ہوا؟ اور ایمان اور عمل صالح پر قائم رہنے والی جماعت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے محبت کا امتیازی سلوک کونسا ہوا؟ وعدہ تو جو کرتا ہے وہی اسے پورا بھی کیا کرتا ہے نہ یہ کہ وعدہ تو وہ کرے اور اسے پورا کوئی اور کرے۔ پس اس آیت میں پہلی بات یہ بتائی گئی ہے کہ خلفاء کی آمد خداتعالیٰ کی طرف سے ہوگی ظاہری لحاظ سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کیونکہ کوئی شخص خلافت کی خواہش کرکے خلیفہ نہیں بن سکتا۔ اسی طرح کسی منصوبے کے ماتحت بھی کوئی خلیفہ نہیں بن سکتا۔ خلیفہ وہی ہوگا جسے خدا بنانا چاہے گا۔ بلکہ بسا اوقات وہ ایسے حالات میں خلیفہ ہوگا جب کہ دنیا اس کے خلیفہ ہونے کو ناممکن خیال کرتی ہوگی"۔

(خلافت راشدہ ص 154,153)

تمہاری ترقیات خلافت کے ساتھ وابستہ ہیں

"خلافت (دین) کے اہم مسائل میں سے ایک مسئلہ ہے۔ اور (دین) کبھی ترقی نہیں کر سکتا جب تک خلافت نہ ہو۔ ہمیشہ خلفاء کے ذریعہ (دین) نے ترقی کی ہے اور آئندہ بھی اسی ذریعہ سے ترقی کرے گا۔ اور ہمیشہ خداتعالیٰ خلفاء مقرر کرتا رہا ہے اور آئندہ بھی خداتعالیٰ ہی خلفاء مقرر کریگا......

پس تم خوب یاد رکھو کہ تمہاری ترقیات خلافت کے ساتھ وابستہ ہیں اور جس دن تم نے اس کو نہ سمجھا اور اسے قائم نہ رکھا وہی دن تمہاری ہلاکت اور تباہی کا دن ہوگا۔ لیکن اگر تم اس کی حقیقت کو سمجھے رہو گے اور اسے قائم رکھو گے تو پھر اگر ساری دنیا مل کر بھی تمہیں ہلاک کرنا چاہے گی تو نہیں کر سکے گی اور تمہارے مقابلہ میں بالکل ناکام و نامراد رہے گی۔ جیسا کہ مشہور ہے اسفندیار ایسا تھا کہ اس پر تیر اثر نہ کرتا تھا۔ تمہارے لئے ایسی حالت خلافت کی وجہ سے پیدا ہو سکتی ہے۔ جب تک تم اس کو پکڑے رکھو گے تو کبھی دنیا کی مخالفت تم پر اثر نہ کر سکے گی۔ بے شک افراد مریں گے۔ مشکلات آئیں گی تکالیف پہنچیں گی۔ مگر جماعت کبھی تباہ نہ ہوگی بلکہ دن بدن بڑھے گی اور اس وقت تم میں سے کسی کا دشمنوں کے ہاتھوں مرنا ایسا ہی ہوگا جیسا کہ مشہور ہے کہ اگر ایک دیو کٹتا ہے تو ہزاروں پیدا ہو جاتے ہیں۔ تم میں سے اگر ایک مارا جائے گا تو اس کی بجائے ہزاروں اس کے خون کے قطروں سے پیدا ہو جائیں گے"

(درس القرآن المجید مطبوعہ 1921ء ص 73)

ترقیات کی بشارت

"ہماری جماعت کی ترقی کا زمانہ بھی خداتعالیٰ کے فضل سے قریب آ گیا ہے وہ دن دور نہیں جب کہ افواج در افواج لوگ اس سلسلہ میں داخل ہونگے۔ مختلف ملکوں سے جماعتوں کی جماعتیں داخل ہوں گی اور وہ زمانہ آتا ہے کہ گاؤں کے گاؤں اور شہر کے شہر احمدی ہونگے......

دیکھو میں آدمی ہوں اور جو میرے بعد ہوگا وہ بھی آدمی ہوگا جس کے زمانے میں یہ فتوحات ہوں گی۔ وہ اکیلا سب کو نہیں سکھا سکے گا۔ تم ہی لوگ ان کے معلم بنو گے پس اس وقت تم خود سیکھو تا ان کو سکھا سکو۔ خداتعالیٰ نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم لوگ دین کے پروفیسر بنا دیئے جاؤ۔ اس لئے ضروری اور بہت ضروری ہے کہ تم خود پڑھو تا آنے والوں کے استاد بن سکو"۔

(انوار خلافت)

سب برکتیں خلافت میں ہیں

اے دوستو! میری آخری نصیحت یہی ہے کہ سب برکتیں خلافت میں ہیں۔ نبوت ایک بیج ہوتی ہے جس کے بعد خلافت اس کی تاثیر کو دنیا میں پھیلا دیتی ہے۔ تم خلافت حقہ کو مضبوطی سے پکڑو اور اس کی برکات سے دنیا کو متمتع کرو...... اور میری اولاد..... کو بھی ان کے خاندان کے عہد یاد دلاتے رہو"۔

(الفضل 20 مئی 1959ء ص 3)

خلیفہ مجدد سے بڑا ہوتا ہے

"خلیفہ تو خود مجدد سے بڑا ہوتا ہے اور اس کا کام ہی احکام شریعت کو نافذ کرنا اور دین کو قائم کرنا ہوتا ہے پھر اس کی موجودگی میں مجدد کس طرح آ سکتا ہے؟ مجدد تو اس وقت آیا کرتا ہے۔ جب دین میں بگاڑ پیدا ہو جائے"۔

(الفضل 8/اپریل 1947ء ص 4)

خلیفہ وقت سے محبت کا تعلق

"میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ جو محبت جماعت احمدیہ کو اپنے امام سے اس وقت ہے اس کی مثال کسی اور جگہ ملنا ممکن نہیں مگر باوجود اس کے میں یہ کہنے سے رک نہیں سکتا کہ وہ جذباتی ہے عملی نہیں۔ ایسے کم لوگ ہیں جو اس محبت کو اس طرح محسوس کریں کہ جو لفظ بھی خلیفہ کے منہ سے نکلے وہ عمل کئے بغیر نہیں چھوڑنا"۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1936ء ص 14)

"جس کو خدا اپنی مرضی بتاتا ہے جس پر خدا اپنے الہام نازل فرماتا ہے جس کو خدا نے اس جماعت کا خلیفہ اور امام بنا دیا ہے اس سے مشورہ اور ہدایت حاصل کرکے تم کام کر سکتے ہو اس سے جتنا زیادہ تعلق رکھو گے اسی قدر تمہارے کاموں میں برکت ہوگی اور اس سے جس قدر دور رہو گے اسی قدر تمہارے کاموں میں بے برکتی پیدا ہوگی جس طرح وہی شاخ پھل لا سکتی ہے جو درخت کے ساتھ ہو وہ کٹی ہوئی شاخ پھل پیدا نہیں کر سکتی جو درخت سے جدا ہو۔ اسی طرح وہی شخص سلسلہ کا مفید کام کر سکتا ہے جو اپنے آپ کو امام سے وابستہ رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص امام کے ساتھ اپنے آپ کو وابستہ نہ رکھے تو خواہ وہ دنیا بھر کے علوم جانتا ہو وہ اتنا بھی کام نہیں کر سکے گا جتنا بکری کا بکروٹہ کر سکتا ہے"۔

(الفضل 20/نومبر 1946ء ص 7)

خلافت کی قدر کرو

"پس اے مومنوں کی جماعت! اور اے عمل صالح کرنے والو! میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ خلافت خدا تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے اس کی قدر کرو۔ جب تک تم لوگوں کی اکثریت ایمان اور عمل صالح پر قائم رہے گی خدا اس نعمت کو نازل کرتا چلا جائے گا۔ لیکن اگر تمہاری اکثریت ایمان اور عمل صالح سے محروم ہو گئی تو پھر یہ امر اس کی مرضی پر موقوف ہے کہ وہ چاہے تو اس انعام کو جاری رکھے اور چاہے تو بند کر دے۔ پس خلیفہ کے بگڑنے کا کوئی سوال نہیں۔ خلافت اس وقت چھینی جائے گی جب تم بگڑ جاؤ گے۔ پس اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کی ناشکری مت کرو۔ اور خدا تعالیٰ کے الہامات کو تحقیر کی نگاہ سے مت دیکھو۔ بلکہ جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے تم دعاؤں میں لگے رہو تا قدرت ثانیہ کا پے در پے تم میں ظہور ہوتا رہے۔ تم ان ناکاموں اور نامرادوں اور بے عملوں کی طرح مت بنو جنہوں نے خلافت کو رد کر دیا۔ بلکہ تم ہر وقت ان دعاؤں میں مشغول رہو کہ خدا قدرت ثانیہ کے مظاہر تم میں ہمیشہ کھڑے کرتا رہے۔ تاکہ اس کا دین مضبوط بنیادوں پر قائم ہو جائے اور شیطان اس میں رخنہ اندازی کرنے سے ہمیشہ کے لئے مایوس ہو جائے"

(خلافت راشدہ)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

قدرت کے نظارے

"پس اس وقت اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کا نظارہ اس طرح دکھاتا ہے کہ کبھی وہ اپنی قدرت کے اظہار کے لئے اس شخص کو چن لیتا ہے جو قوم کی نگاہ میں بوڑھا ہوتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کو بہت دفعہ طعنہ دیا گیا کہ بوڑھا آدمی ہے سمجھ کوئی نہیں۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ بوڑھا ہے یا نہیں ہے لیکن ہے میری پناہ میں میری گود میں۔ اس واسطے تم اس کے مقابلہ میں ٹھہر نہیں سکتے۔

کبھی خدا تعالیٰ اپنی قدرت کا اس طرح مظاہرہ کرتا ہے کہ ایک بچے کو چن لیتا ہے۔ دنیا کہتی ہے کہ بچہ ہے قوم تباہ ہو جائے گی۔ ناسمجھ ہے کم علم ہے کم تجربہ ہے۔ مگر خدا تعالیٰ کہتا ہے کہ بیشک یہ بچہ ہے مگر میں تو بچہ نہیں ہوں۔ میں اپنی قدرت اس کے ذریعہ سے ظاہر کروں گا۔ تب وہ قدرت ثانیہ کا مظہر ہو جاتا ہے۔ پھر وہی بچہ ان لوگوں کا منہ بند کر دیتا ہے۔ جو اسے بچہ سمجھنے اور بچہ کہنے والے ہوتے ہیں۔ کبھی وہ کسی ایسے ادھیڑ [illegible] ہے جسے دنیا اپنی سمجھ اور عقل کے مطابق نااہل سمجھتی ہے کم علم سمجھتی ہے وہ سمجھتی ہے کہ یہ کام اس کے بس کا نہیں اور حقیقت بھی یہی ہوتی ہے کہ وہ کام اس کے بس کا نہیں ہوتا لیکن کونسا کام ہے جو خدا تعالیٰ کے بس کا نہ ہو پس خدا تعالیٰ اسے چنتا ہے اور جیسے میں نے بتایا ہے کہ اس کے نفس کو اپنی عظمت اور جلال کے جلوہ کے ساتھ کلی طور پر فنا کر دیتا ہے۔ ایسے لوگوں پر کبھی ایسی حالت بھی وارد ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے پیار میں کبھی اس طرح بھی محو اور گم ہو جاتے ہیں کہ ان کا دل چاہتا ہے وہ ساری دنیا میں منادی کر دیں کہ مجھے تم میں سے کسی کی بھی ضرورت نہیں ہے اور پھر خدا تعالیٰ ان سے جو اور جس قدر کام لینا چاہتا ہے اسی قدر ان کی مدد اور نصرت کرتا چلا جاتا ہے اور اس طرح وہ دنیا پر ثابت کرتا ہے۔ کہ خدا ہی حقیقتاً سب قدرتوں والا اور سب طاقتوں والا ہے"۔

(الفضل 17 مارچ 1967ء)

خدا کے انتخاب میں کوئی نقص نہیں

"ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ خلیفہ اللہ تعالیٰ ہی بناتا ہے۔ اگر بندوں پر اس کو چھوڑا جاتا تو جو بھی بندوں کی نگاہ میں افضل ہوتا اسے ہی وہ اپنا خلیفہ بنا لیتے۔ لیکن خلیفہ خود اللہ تعالیٰ بناتا ہے اور اس کے انتخاب میں کوئی نقص نہیں۔ وہ اپنے ایک کمزور بندے کو چنتا ہے جسے وہ بہت حقیر سمجھتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کو چن کر اس پر اپنی عظمت اور جلال کا ایک جلوہ کرتا ہے اور جو کچھ وہ تھا اور جو کچھ اس کا تھا اس میں سے وہ کچھ بھی باقی نہیں رہنے دیتا اور خدا تعالیٰ کی عظمت اور جلال کے سامنے کلی طور پر فنا اور بے نفسی کا لبادہ وہ پہن لیتا ہے اور اس کا وجود دنیا سے غائب ہو جاتا ہے۔ اور خدا کی قدرتوں میں وہ چھپ جاتا ہے تب اللہ تعالیٰ اسے اٹھا کر اپنی گود میں بٹھا لیتا ہے۔ اور جو اس کے مخالف ہوتے ہیں انہیں سے کہتا ہے کہ مجھ سے لڑو اگر تمہیں لڑنے کی تاب ہے یہ بندہ بے شک نحیف، کم علم، کمزور، کم طاقت اور تمہاری نگاہ میں طہارت و تقویٰ سے عاری ہے لیکن اب یہ میری پناہ میں آگیا ہے۔ اب تمہیں بہر حال اس کے سامنے جھکنا پڑے گا۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ اس لئے کہ خدا تعالیٰ یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ انتخاب خلافت کے وقت اس کی منشاء پوری ہوتی ہے۔ اور بندوں کی عقلیں کوئی کام نہیں دیتیں"

(الفضل 17 مارچ 1967ء ص 4،3)

بالواسطہ انتخاب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اپنی خلافت سے قبل ایک مضمون میں تحریر فرمایا:

خلافت کے متعلق (دینی) نظریہ یہ ہے۔

خلیفہ بناتا خود خدا ہی ہے لیکن اس انتخاب یا تعیین میں وہ امت (-) کو بھی اپنے ساتھ شریک کرتا ہے۔ یعنی خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ انتخاب بالواسطہ ہوتا ہے اور یہ واسطہ وہ امت (-) ہے جو مضبوطی کے ساتھ اپنے ایمانوں پر قائم اور اپنے ایمان کے مطابق اعمال صالحہ بجالانے والی ہو۔ یعنی اللہ تعالیٰ امت (-) کے دلوں پر تصرف کر کے اپنی مرضی اور منشاء کے مطابق خلیفہ کا انتخاب کرواتا ہے۔

(ماہنامہ انصار اللہ اپریل 1964ء)

ناپسندیدہ سازشیں

(-) چونکہ روحانی خلیفہ کا معزول کرنا بلاواسطہ اور بلا شرکت غیرے اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہے۔ اور گو نئے خلیفہ کے انتخاب میں امت (-) کو ایک رنگ میں شریک کیا گیا ہے مگر اس انتخاب کے وقت بھی خدائی تصرف سے اسی کی مرضی پوری ہوتی ہے۔ اس لئے ایک خلیفہ کی زندگی میں نئی خلافت کے متعلق سازشیں کرنا یا منصوبے باندھنا یا باتیں پھیلانا یا اس ضمن میں کسی شخص کا نام لینا خواہ وہ شخص پسندیدہ ہو یا غیر پسندیدہ (دینی) تعلیم کے حد درجہ خلاف اور انتہائی بے شرمی اور بے حیائی کی بات ہے اور پاکباز مومن اس قسم کی منافقانہ اور خبیثانہ باتوں سے ہمیشہ پرہیز کرتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ اس قسم کا وہم اور خیال بھی ان کے ذہن میں نہیں آتا۔ اور اگر کسی منافق طبع کو وہ اس قسم کی بات کرتے سنتے ہیں تو سختی سے ایسے شخص کی باز پرس کرتے ہیں۔

(ماہنامہ انصار اللہ اپریل 1964ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشادات

خلافت احمدیہ ایک شجرہ طیبہ ہے

مسند خلافت پر متمکن ہونے کے بعد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے پہلا خطبہ جمعہ ارشاد کرتے ہوئے فرمایا:

دیکھو اللہ تم سے وعدہ تو کرتا ہے کہ تمہیں اپنا خلیفہ بنائے گا زمین میں۔ لیکن کچھ تم پر بھی ذمہ داریاں ڈالتا ہے۔ تم میں سے ان لوگوں سے وعدہ کرتا ہے جو ایمان لاتے ہیں۔ اور عمل صالح بجالاتے ہیں پس اگر نیکی کے اوپر جماعت قائم رہی اور ہماری دعا ہے اور ہمیشہ ہماری کوشش رہے گی کہ ہمیشہ ہمیش کے لئے یہ جماعت نیکی پر ہی قائم رہے۔ صبر کے ساتھ اور وفا کے ساتھ۔ تو اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ بھی ہمیشہ ہمارے ساتھ وفا کرتا چلا جائے گا اور خلافت احمدیہ اپنی پوری شان کے ساتھ شجرہ طیبہ بن کر ایسے درخت کی طرح لہلہاتی رہے گی جس کی شاخیں آسمان سے باتیں کر رہی ہوں۔

(الفضل 22 جون 1982ء)

خلفاء کے ذریعہ سیرۃ نبوی کا جدا جدا اظہار

آنحضرت ﷺ کی سیرۃ کا بحر ذخار کسی ایک فرد میں جمع ہو ہی نہیں سکتا تھا۔ خلفاء راشدین نے اپنی اپنی طبیعت کے مطابق سیرۃ نبوی سے رنگ پکڑے اور اس کا جدا جدا اظہار کیا۔ جن لوگوں نے یہ بات نہیں سمجھی وہ نادانی سے خلفاء کا آپس میں مقابلہ کرنے لگ جاتے ہیں۔

اس میں جماعت احمدیہ کے لئے ایک نصیحت یہ ہے کہ وہ ایسی لغو دلچسپیوں سے باز رہیں۔ کسی کے کہنے سے کسی خلیفہ کے مقام و منصب میں فرق نہیں پڑے گا۔ اصل مقام تو اللہ تعالیٰ کی نظر میں ہے۔ وہی بہتر جانتا ہے کہ کس نے اپنی استعداد کے مطابق پورا استفادہ کیا ہے یا نہیں۔ انسان کو اپنی لاعلمی اور جہالت کا ادراک کرنا چاہئے اور اللہ تعالیٰ کے کام میں دخل نہیں دینا چاہئے بندے کا کام یہ ہے کہ وہ دعا اور استغفار سے کام لے۔

(الفضل 14 جولائی 1982ء)

استحکام خلافت کی خوشخبری

میں آپ کو ایک خوشخبری دیتا ہوں کہ (-) اب انشاء اللہ خلافت احمدیہ کو کبھی کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوگا۔ جماعت بلوغت کے مقام کو پہنچ چکی ہے خدا کی نظر میں۔ اور کوئی دشمن آنکھ۔ کوئی دشمن دل، کوئی دشمن کوشش اس جماعت کا بال بھی بیکا نہیں کر سکے گی۔ اور خلافت احمدیہ انشاء اللہ تعالیٰ اسی شان کے ساتھ نشوونما پاتی رہے گی۔ جس شان کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود سے وعدے فرمائے ہیں کہ کم از کم ایک ہزار سال تک یہ جماعت زندہ رہے گی۔ تو دعائیں کریں حمد کے گیت گائیں اور اپنے عہدوں کی پھر تجدید کریں۔

(الفضل 28 جون 1982ء)

خلیفہ وقت کے لئے دعا

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

ساری جماعت دعا کرے کہ خلیفہ وقت پر اللہ کی رضا کی نظر پڑے۔ خلیفۃ المسیح پر جتنی اللہ کی رضا کی نظر پڑے گی اتنی ہی ساری جماعت پر اللہ کی رضا کی نظریں پڑیں گی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

(الفضل 14 جولائی 1982ء)

BOOK POINT
Commercial Area
Chaklala Scheme No. 3
Rawalpindi - Ph. 504262
Prop: Syed Munawwar Ahmad

فون: 646082
639813

جدید زیورات کا مرکز

مراد جیولرز

ریل بازار فیصل آباد

نزد مراد کلاتھ ہاؤس
ریل بازار فیصل آباد

تمام امپورٹڈ ورائٹی بغیر ٹانکے کے KDM سے تیار شدہ مدراسی' سنگاپوری'
اٹالین۔بحرینی جیولری کی خریداری کے لئے تشریف لائیں۔

نیو احمد جیولرز

گلا چوک شہیداں
سیالکوٹ

NAJ

پروپرائٹر: محمد احمد توقیر

فون دوکان 0432-587659

فون رہائش 586297-589024 موبائل فون (0303)7348235

SAMISONS

سمیع سنز

فرنس آئل' کیروسین آئل'
ہائی سپیڈ ڈیزل'
لائٹ ڈیزل آئل' لبریکینٹس

ڈسٹری بیوٹرز برائے:

شیل پاکستان لمیٹڈ

فون 7722756-7728001-7725461

فیکس 7727906-7726944 بادامی باغ لاہور

ڈیلرز: سام سنگ' لومیز' سونی ٹی وی و فرج' کینڈی ڈیپ فریزر۔ہائی سپر واشنگ مشین' ایڈمرل کوکنگ
رینج' گیزر' ٹی وی ٹرالی' الیکٹرونکس کی تمام معیاری مصنوعات سستی خریدنے کیلئے تشریف لائیں

انعام الیکٹرونکس

بالمقابل رحیم ہسپتال گوجر خاں

پروپرائٹر: خواجہ احسان اللہ

فون آفس (0571)
510086-510140
رہائش 512003

AHMADIYYA AL-REHMAN GRAPHIQUES

Write for Right

Love ... Peace ... Earth

INTERNATIONAL WRITERS SOCIETY.JOIN US.
EMAIL:peace@fhc.orbit.net.pk P.O.BOX:13087LHR
Ph:0320 - 297828 Res:5111000Paltalk ID:Alaq

Designing and Printing Solutions

All Type of Commercial & Educational Stationary.
Letter Heads, Visiting Cards, Envelopes, Files, Stickers,
School Copies, Advertising Material, and many more.

RK

Specialists in Textile Labels
Brocures for Export Goods
Publish Books and Magazines.

ALL KIND OF LEATHER GOODS
SPECIALIST IN GLOVES
OF ALL KINDS

B T C

BTC

MANUFACTURERS & EXPORTERS

Billoo

TRADING CORPORATION
P.O.Box 877 Sialkot Pakistan
BILLOO TRADING CORPORATION
P.O.Box 877 Sialkot Pakistan.
Tel: Off (0432) 593756, Fac: (0432) 267115-265197
Res: (0432) 591744, FAX: (0432) 592086,
Cable: **BILLOO SIALKOT**

SI

Safina

Industries (Pvt) Ltd.

Manufacturers, Importers, Exporters of Textile Fabrics & Made Ups

Deal in 100% cotton & ploy / cotton fabrics & its made ups in Grey, bleached, dyed, printed mode.

Our product range is given under:-

Products / woven

All types of woven fabrics, i.e.; Grey, bleached, dyed, printed in all ranges, its made ups.
i.e.; bed sets flat sheet, fitted sheets, quitcover, duvet cover, pillow covers, cotton shopping bags cover mattress cover, cushion covers etc.

Maqbool Road, Faisalabad. P.O.Box No. 180
E-mail: safina@khawaja.net.pk.
safir136@fsd.paknet.com.pk
Ph: 0092-41-541550, 545631, 710833
FAX: 0092-41-723461, 542399

رب العرش کی قدرت نمائی کی عظیم تجلیات

حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی عظیم الشان پیشگوئیوں کا شاندار ظہور

حضرت خلیفة المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے عہد مبارک میں

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

ایک ایسے ہوشربا اور حوصلہ شکن اور پرفتن و مصائب زمانہ میں جبکہ سلسلہ احمدیہ اپنی زندگی کے ابتدائی اور نہایت صبر آزما حالات میں سے گذر رہا تھا مامور وقت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام حضرت مرزا غلام احمد قادیانی نے احمدیت کے عالمی غلبہ کی خبر دیتے ہوئے فرمایا:-

"ہمارے متبعین پر بھی ایک زمانہ ایسا آوے گا کہ عروج ہی عروج ہوگا"

(ملفوظات جلد سوم طبع جدید صفحہ 489)

نیز مستقبل میں ابھرنے والی دنیائے احمدیت کا ان پرکیف الفاظ میں نقشہ کھینچا کہ:-

"اگر کوئی مر کر واپس آ سکتا تو وہ دو تین صدیوں کے بعد دیکھ لیتا کہ ساری دنیا احمدی قوم سے اسی طرح پر ہے جس طرح سمندر قطرات سے پر ہوتا ہے"

(تشحیذ الاذہان قادیان جنوری 1913ء صفحہ 39)

یہ انقلاب عظیم چونکہ محض رب العرش کی قدرت نمائی اور اس کی عظیم تجلیات ہی کی برکت سے ممکن تھا اس لئے حضرت اقدس نے "الوصیة" (مطبوعہ 24 دسمبر 1905ء) میں خدائے عزوجل سے علم پاکر "قدرت ثانیہ" کے معرض وجود میں آنے کی پیشگوئی کرتے ہوئے بتایا کہ:-

"تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا...... ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں. اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کے مظہر ہوں گے"

(صفحہ 6 طبع اول)

مندرجہ بالا ربانی الفاظ میں یقیناً یہ واضح اشارہ فرمایا گیا ہے کہ حضرت مسیح موعود کو جناب الٰہی کی طرف سے جو بہت سی خبریں دی گئی ہیں وہ وقت مقرر میں قدرت ثانیہ کے مقدس مظاہر کے ذریعہ سے لازماً پوری ہو کر رہیں گی اور قدرت ثانیہ کے مظہر اول حضرت مولانا حافظ حکیم نورالدین بھیروی کے بابرکت دور سے لے کر اب تک کی تاریخ خلافت احمدیہ اس حقیقت پر شاہد ناطق ہے۔

ہمارے محبوب آقا سیدنا حضرت خلیفة المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے عہد مبارک میں حضرت مسیح موعود کی متعدد جمالی اور جلالی، تبشیری اور انذاری پیشگوئیاں جن کا تعلق دنیا کے مختلف ممالک اور افراد خصوصاً آپ کے وجود مقدس سے وابستہ ہیں نہایت آب و تاب سے پوری ہو چکی ہیں اور پوری ہو رہی ہیں۔ ذیل میں نمونتہً چند ایسی واضح پیشگوئیوں کا تذکرہ کیا جاتا ہے جو کسی تشریح یا تبصرہ کی محتاج نہیں۔

صاف دل کو کثرت اعجاز کی حاجت نہیں
اک نشاں کافی ہے گر دل میں ہو خوف کردگار

ہجرت

1- حضور نے 7 ستمبر 1905ء کو فرمایا:-

"ایک دفعہ میں نے خواب میں دیکھا تھا کہ ایک شخص میرا نام لکھ رہا ہے تو آدھا نام اس نے عربی میں لکھا ہے اور آدھا انگریزی میں لکھا ہے۔ انبیاء کے ساتھ ہجرت بھی ہے لیکن بعض رویاء نبی کے اپنے زمانہ میں پورے ہوتے ہیں اور بعض اولاد یا کسی متبع کے ذریعے سے پورے ہوتے ہیں۔"

(بدر 7 ستمبر 1905ء صفحہ 2 بحوالہ تذکرہ طبع سوم اشاعت 1969ء)

لنڈن میں انگریزی خطاب

2- "میں نے دیکھا کہ میں شہر لنڈن میں ایک منبر پر کھڑا ہوں اور انگریزی زبان میں ایک نہایت مدلل بیان سے (دین حق) کی صداقت ظاہر کر رہا ہوں بعد اس کے میں نے بہت سے پرندے پکڑے"

(ازالہ اوہام حصہ دوم صفحہ 515 طبع اول 1891ء)

مغربی ممالک میں آپ کی تحریرات کی اشاعت اور اس کے اثرات

3- "میں نے اس کی یہ تعبیر کی کہ اگرچہ میں نہیں مگر میری تحریریں ان لوگوں میں پھیلیں گی اور بہت سے راستباز انگریز حق کا شکار ہو جائیں گے"

(ازالہ اوہام حصہ دوم صفحہ 516 طبع اول 1891ء)

بجلی کی طرح دنیا کے چار گوشہ میں مسیح موعود کی منادی

4- اشتہار مورخہ 22 مئی 1900ء میں تحریر فرمایا:-

"جیسا کہ خدا نے بغیر توسط معمولی اسباب کے جسمانی ضرورتوں کے لئے حال کی نئی ایجادوں میں زمین کے عناصر اور زمین کی تمام چیزوں سے کام لیا اور ریل گاڑیوں کو گھوڑوں سے بھی بہت زیادہ دوڑا کر دکھلایا ہے...... ایسا ہی اب وہ روحانی ضرورتوں کے لئے بغیر انسانی ہاتھوں کے آسمان کے فرشتوں سے کام لے گا۔ بڑے بڑے آسمانی نشان ظاہر ہوں گے اور بہت سی چمکیں پیدا ہوں گی جن سے بہت سی آنکھیں کھل جائیں گی...... خدا ان قصوں کو بہت لمبا نہیں کرے گا اور جس طرح تم دیکھتے ہو کہ جب ایک بلند مینار پر چراغ رکھا جائے تو دور دور تک اس کی روشنی پھیل جاتی ہے ایسا ہی ان دنوں میں ہوگا کیونکہ خدا نے اپنی اس پیشگوئی کے پورا کرنے کے لئے کہ مسیح کی منادی بجلی کی طرح دنیا میں پھر جائے گی یا بلند مینار کے چراغ کی طرح دنیا کے چار گوشہ میں پھیلے گی زمین پر ہر ایک سامان کر دیا ہے اور ریل اور تار اور اگن بوٹ اور ڈاک کے احسن انتظاموں اور سیر و سیاحت کے سہل طریقوں کو کامل طور پر جاری فرما دیا ہے سو یہ سب کچھ پیدا کیا گیا تا وہ بات پوری ہو کہ مسیح موعود کی دعوت بجلی کی طرح ہر ایک کنارہ کو روشن کرے گی .... اور روشنی ایسی جلد دنیا میں پھیلے گی جیسے اونچے مینار پر سے آواز اور روشنی دور تک جاتی ہے"

"سو شکر کرو کہ آسمان پر نور پھیلانے کے لئے تیاریاں ہیں...... کیا زمین پر ایک انقلاب نہیں آیا پس جبکہ زمین میں ایک اعجوبہ نما انقلاب پیدا ہوگا اس لئے خدائے قادر چاہتا ہے کہ آسمان میں بھی ایک اعجوبہ نما انقلاب پیدا ہو جائے"

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 4-243)

قرآن مجید کی عالمی اشاعت

5- حضرت اقدس دعویٰ ماموریت سے قبل (1864ء تا 1868ء) سیالکوٹ میں قیام

"پہاڑ ٹل جاتے ہیں۔ دریا خشک ہو سکتے ہیں۔ موسم بدل جاتے ہیں۔ مگر خدا کا کلام نہیں بدلتا جب تک پورا نہ ہو لے"

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 340)

فرما ہے۔ اس دوران آپ سے ایک ہندو وکیل جناب بھیم سین صاحب نے آپ سے قریباً 14 پارہ تک قرآن مجید پڑھا اور ایک دن حضرت صاحب نے اٹھ کر بھیم سین کو مخاطب کر کے یہ خواب سنایا کہ آج رات میں نے (-) دیکھا (-) مجھ کو بارگاہ ایزدی میں لے گئے اور وہاں سے مجھے ایک چیز ملی جس کے متعلق ارشاد ہوا کہ یہ سارے جہان میں تقسیم کر دو۔"

(تذکرہ طبع سوم صفحہ 818)

یا الٰہی تیرا فرقاں ہے کہ اک عالم ہے
جو ضروری تھا وہ سب اسمیں مہیا نکلا
سب جہاں چھان چکے ساری دکانیں دیکھیں
مئے عرفاں کا یہی ایک ہی شیشہ نکلا
پہلے سمجھے تھے کہ موسیٰ کا عصا ہے فرقاں
پھر جو سوچا تو ہر اک لفظ مسیحا نکلا

بادشاہوں کا برکت حاصل کرنا

6-1868ء یا 1869ء میں جبکہ آپ نے محض اپنے محبوب حقیقی کی رضا کے لئے بٹالہ میں بحث یکسر ترک کر دی' تو رات کو خداوند کریم نے آپ کو الہاماً خبر دی:-

"تیرا خدا تیرے اس فعل سے راضی ہوا اور وہ تجھے بہت برکت دے گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے"

(براہین احمدیہ حصہ چہارم مطبوعہ 1884ء بحوالہ تذکرہ طبع سوم صفحہ 10)

ایک موعود شخصیت اور اس کی حیرت انگیز برکات کی نسبت جامع پیشگوئی

آخر میں یہ بتانا ضروری ہے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود نے آج سے ایک صدی پیشتر انیسویں صدی کے آخری سال یہ انکشاف فرمایا کہ:

"خدا نے مجھے وعدہ دیا ہے کہ تیری برکات کا دوبارہ نور ظاہر کرنے کے لئے تجھ سے ہی اور تیری ہی نسل میں سے ایک شخص کھڑا کیا جائے گا جس میں میں روح القدس کی برکات پھونکوں گا- وہ پاک باطن اور خدا سے نہایت پاک تعلق رکھنے والا ہوگا اور مظہر الحق و العلاء ہوگا گویا خدا آسمان سے نازل ہوا- و تلک عشرۃ کاملۃ - دیکھو وہ زمانہ چلا آتا ہے بلکہ قریب ہے کہ خدا اس سلسلہ کی دنیا میں بڑی قبولیت پھیلائے گا اور یہ سلسلہ مشرق اور مغرب اور شمال اور جنوب میں پھیلے گا........ یہ باتیں انسان کی باتیں نہیں یہ اس خدا کی وحی ہے جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(تحفہ گولڑویہ طبع اول صفحہ 98-96 بحوالہ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 182-183)

خدا کے برگزیدہ مسیح موعود نے صرف اسی پر اکتفا نہیں فرمایا بلکہ چند صفحات قبل گویا خدا آسمان سے نازل ہوا" کے پر اسرار استعارہ اور بلیغ کنایہ کی ایسی حیرت انگیز تفصیلات بیان فرمائیں کہ خلافت رابعہ کے پورے عہد مبارک کی جزئیات تک چمکتے ہوئے سورج کی طرح نمایاں ہو کر سامنے آگئیں اور محیر العقول نشانوں کا مرقع بن گئیں اے کاش چشم بینا رکھنے والی آنکھیں عرش کے خدا کی اس معجز نمائی کا کرشمہ بغور مشاہدہ کر سکیں اور خشیت اور خدا ترسی کے جذبات سے لبریز دل حق و صداقت کی برملا گواہی دیں

حضرت اقدس نے مردان حق کے ذریعہ نزول خداوندی کی کیفیات و علامات پر روشنی ڈالتے ہوئے تحریر فرمایا:-

"مردان خدا جو خدا تعالیٰ سے محبت اور مودت کا تعلق رکھتے ہیں وہ صرف پیشگوئیوں تک اپنے کمالات کو محدود نہیں رکھتے ان پر حقائق و معارف کھلتے ہیں اور دقائق و اسرار شریعت اور دلائل لطیفہ حقانیت ملت ان کو عطا ہوتے ہیں اور اعجازی طور پر ان کے دل پر دقیق در دقیق علوم قرآنی اور لطائف کتاب ربانی اتارے جاتے ہیں اور وہ ان فوق العادت اسرار اور سماوی علوم کے وارث کئے جاتے ہیں جو بلاواسطہ موہبت کے طور پر محبوبین کو ملتے ہیں اور خاص محبت ان کو عطا کی جاتی ہے اور ابراہیمی صدق و صفا ان کو دیا جاتا ہے اور روح القدس کا سایہ ان کے دلوں پر ہوتا ہے- وہ خدا کے ہو جاتے ہیں اور خدا ان کا ہو جاتا ہے ان کی دعائیں خارق عادت طور پر آثار دکھاتی ہیں- ان کے لئے خدا غیرت رکھتا ہے- وہ ہر میدان میں اپنے مخالفوں پر فتح پاتے ہیں- ان کے چہروں پر محبت الٰہی کا نور چمکتا ہے- ان کے در و دیوار پر خدا کی رحمت برستی ہوئی معلوم ہوتی ہے- وہ پیارے بچے کی طرح خدا کی گود میں ہوتے ہیں- خدا ان کیلئے اس شیر مادہ سے زیادہ غصہ ظاہر کرتا ہے جس کے بچے کو کوئی لینے کا ارادہ کرے- وہ گناہ سے معصوم - وہ دشمنوں کے حملوں سے معصوم- وہ تعلیم کی غلطیوں سے بھی معصوم ہوتے ہیں- وہ آسمان کے بادشاہ ہوتے ہیں- خدا عجیب طور پر ان کی دعائیں سنتا ہے اور عجیب طور پر ان کی قبولیت ظاہر کرتا ہے یہاں تک کہ وقت کے بادشاہ ان کے دروازوں پر آتے ہیں- ذوالجلال کا خیمہ ان کے دلوں میں ہوتا ہے- اور ایک رعب خدائی ان کو عطا کیا جاتا ہے اور شاہانہ استغنا ان کے چہروں سے ظاہر ہوتا ہے- وہ دنیا اور اہل دنیا کو ایک مرے ہوئے کیڑے سے بھی کمتر سمجھتے ہیں- فقط ایک کو جانتے ہیں اور اس ایک کے خوف کے نیچے ہر دم گداز ہوتے رہتے ہیں- دنیا ان کے قدموں پر گر جاتی ہے گویا خدا انسان کا جامہ پہن کر ظاہر ہوتا ہے- وہ دنیا کا نور اور اس ناپائیدار عالم کا ستون ہوتے ہیں- وہی سچا امن قائم کرنے کے شہزادے اور ظلمتوں کے دور کرنے کے آفتاب ہوتے ہیں- وہ نہاں در نہاں اور غیب الغیب ہوتے ہیں- کوئی ان کو پہچانتا نہیں مگر خدا- اور کوئی خدا کو پہچانتا نہیں مگر وہ- وہ خدا نہیں ہیں مگر نہیں کہہ سکتے کہ خدا سے الگ ہیں-

(تحفہ گولڑویہ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 170-171)

خلافت رابعہ کے انوار و برکات سے فیضیاب ہونے کا واحد ذریعہ

سیدنا حضرت مسیح موعود کا ارشاد مبارک ہے:-

"مجھے خدا نے بتلایا ہے کہ میرا انہی سے پیوند ہے یعنی وہی خدا کے دفتر میں مرید ہیں جو اعانت اور نصرت میں مشغول ہیں"

(الحکم 17 نومبر 1905ء صفحہ 5)

"اعانت و نصرت" کیا ہے اس کی وضاحت خود حضور ہی کے روح پرور الفاظ میں تحریر کر کے یہ مضمون ختم کرتا ہوں حضور "الوصیۃ" میں "قدرت ثانیہ" کا ذکر کرنے کے معاً بعد رقم فرماتے ہیں:-

"خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان تمام روحوں کو جو زمین کی متفرق آبادیوں میں آباد ہیں کیا یورپ اور کیا ایشیا ان سب کو جو نیک فطرت رکھتے ہیں توحید کی طرف کھینچے اور اپنے بندوں کو دین واحد پر جمع کرے- یہی مقصد ہے جس کے لئے میں دنیا میں بھیجا گیا سو تم اس مقصد کی پیروی کرو مگر نرمی اور اخلاق اور دعاؤں پر زور دینے سے"

("الوصیۃ" صفحہ نمبر 6)

دن بہت ہیں سخت اور خوف و خطر در پیش ہے
پر یہی ہیں دوستو اس یار کے پانے کے دن
دیں کی نصرت کے لئے اک آسماں پر شور ہے
اب گیا وقت خزاں آئے ہیں پھل لانے کے دن

☆☆☆☆

اعلیٰ کوالٹی کے کپڑے اور بہترین سلائی کے لئے
ST
سپر ٹیلرز اینڈ سپر فیبرکس
نمبر 1 بلاک 6-بی سپر مارکیٹ اسلام آباد 44000 پاکستان فون 2877085 فیکس 826934

طالب دعا: عبدالشکور اطہر
مینوفیکچرز:- وائٹ بورڈ' کرافٹ لائنز فائل کارڈ اینڈ فینسی کارڈ
زمیندارہ
پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ
واقع 10 کلومیٹر شیخوپورہ فیصل آباد روڈ - آفس 70 فاروق سنٹر میکلوڈ روڈ لاہور

یہ صبح نو کی علامت یہ روشنی کا عَلَم

نظام خلافت - ایک مبارک نظام کے ذریعہ خدا تعالیٰ کی خالص عبادت کا قیام

خلافت کے ذریعہ فتوحات کی بشارت، خوف کو امن میں بدلنے کے نظارے اور خلافت سے فیضیاب ہونے کے ذرائع

محترم راجہ منیر احمد خان صاحب

قیام خلافت کا وعدہ

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے-

ترجمہ: ''اللہ نے تم میں سے ایمان لانے والوں اور مناسب حال عمل کرنے والوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کو زمین میں خلیفہ بنا دے گا- جس طرح ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنا دیا تھا اور جو دین اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے وہ ان کے لئے اسے مضبوطی سے قائم کر دے گا اور ان کے خوف کی حالت کے بعد وہ ان کے لئے امن کی حالت تبدیل کر دے گا- وہ میری عبادت کریں گے اور کسی چیز کو میرا شریک نہیں بنائیں گے اور جو لوگ اس کے بعد بھی انکار کریں گے وہ نافرمانوں میں سے قرار دیئے جائیں گے-''

(سورۃ نور آیت نمبر 56)

اس آیت استخلاف میں قیام خلافت کے وعدہ کے ساتھ بالخصوص تین برکات کا ذکر فرمایا گیا ہے-

نمبر 1 - دین کو مضبوطی سے قائم کرنا-

نمبر 2 - خوف کو امن میں بدلنا-

نمبر 3 - قیام توحید کے ساتھ خاص اللہ ہی کی عبادت کا قائم ہونا-

سیدنا حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد خداوندی ہی کے ذیل میں آخری زمانہ میں خلافت علیٰ منہاج نبوت کی جو بشارت دی- آج اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ جماعت اس غیر معمولی نعمت سے سرفراز ہے-

بہت ہی مبارک نظام

اس موقع پر نہایت مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کی ایک نہایت پر تاثیر تحریر خلافت کی برکات سے متعلق پیش کی جائے جو اپنے اندر تمکین دین کے احوال کو نہایت خوبصورتی سے لئے ہوئے ہے- فرماتے ہیں-

''خلافت کا نظام ایک بہت ہی مبارک نظام ہے جس کے ذریعہ آفتاب نبوت کے ظاہری غروب کے بعد اللہ تعالیٰ ماہتاب نبوت کے طلوع کا انتظام فرماتا ہے اور ایسی جماعت کو اس دھکے کے اثرات سے بچا لیتا ہے جو نبی کی وفات کے بعد نوزائیدہ جماعت پر ایک بھاری مصیبت کے طور پر وارد ہوتا ہے- نبی کا کام جیسا کہ قرآن شریف کے مطالعہ سے پتہ لگتا ہے تبلیغ ہدایت کے ساتھ ساتھ مومنوں کی جماعت کی دینی تعلیم ان کی روحانی و اخلاقی تربیت اور ان کی تنظیم سے تعلق رکھتا ہے اور یہ سارے کام نبی کی وفات کے بعد خلیفہ وقت کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں- جس کا وجود جماعت کو انتشار سے بچا کر انہیں ایک مضبوط کڑی میں پروئے رکھتا ہے- علاوہ ازیں نبی کا وجود جماعت کے لئے محبت اور اخلاص کے تعلقات کا روحانی مرکز ہوتا ہے جس کے ذریعہ وہ اتحاد اور یکجہتی اور باہمی تعاون کا زریں سبق سیکھتے ہیں اور خلیفہ کا وجود اس درس وفا کو جاری اور تازہ رکھنے کا ذریعہ بنتا ہے- اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت کے وجود کو جو ایک ہاتھ پر جمع ہونے کی وجہ سے خلیفہ کے وجود کے ساتھ لازم و ملزوم ہے ایک بڑی نعمت قرار دیا ہے اور اسے انتہائی اہمیت دی ہے اور جماعت میں انتشار پیدا کرنے والے پر لعنت بھیجی ہے- چنانچہ فرماتے ہیں-

''مَن شَذ شُذ فی النار'' یعنی جو شخص جماعت سے کٹتا اور اس کے اندر تفرقہ پیدا کرتا ہے وہ اپنے لئے آگ کا راستہ کھولتا ہے اور دوسری جگہ فرماتے ہیں- علیکم بسنتی و سنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین' یعنی اے مسلمانو! تم پر تمام دینی امور میں میری سنت پر عمل کرنا اور میرے بعد خلفاء کے زمانہ میں ان کی سنت پر عمل کرنا بھی واجب ہوگا- کیونکہ وہ خدا کی طرف سے ہدایت یافتہ ہوں گے-

پس خلافت کا نظام ایک نہایت ہی بابرکت نظام ہے جس کے ذریعہ جماعتی اتحاد اور مرکزیت کے علاوہ جس کی ہر نوزائیدہ جماعت کو بھاری ضرورت ہوتی ہے- نبوت کا نور جماعت کے سر پر جلوہ افروز رہتا ہے اور یہ ایک بہت بڑی نعمت اور بہت بڑی برکت ہے''

(ماہنامہ خالد مئی 1994ء ص 14-13)

خلافت اور تمکین دین

جماعت احمدیہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ آج تک خلافت کی برکت و راہنمائی کے لئے تمکین دین کے حوالہ سے جو عظیم الشان منفرد کام ہوئے ہیں اس مختصر مضمون میں صرف ان کی جھلکیاں ہی پیش کی جاسکتی ہیں-

1- دنیا بھر میں قرآن کریم کی لاکھوں کی تعداد میں اشاعت اور کم از کم ایک سو زبانوں میں تراجم قرآن کا غیر معمولی پروگرام- اکثر زبانوں میں تراجم ہو کر اشاعت پذیر ہو چکے ہیں-

2- ہزاروں کی تعداد میں اللہ تعالیٰ کی خالص عبادت کے لئے اللہ کے گھروں کی تعمیر ہو چکی ہے اور ان پاکیزہ تعمیرات کا یہ سلسلہ مسلسل جاری ہے-

3- دنیا میں دین حق کے ابلاغ و اشاعت کے لئے ہزاروں مراکز کا قیام عمل میں آچکا ہے جن میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا رہا ہے-

4- ہزاروں واقفین زندگی کی ابلاغ دین کے لئے تعلیم و تربیت اور دعوت الی اللہ کے میدان میں ان کو اتارنے کا کام جاری ہے-

5- کروڑوں کی تعداد میں دین حق کی تائید میں لٹریچر کی دنیا بھر میں اشاعت کی جارہی ہے-

6- دنیا کے 170 ممالک میں منظم طور پر اشاعت و تجدید دین کا کام جاری ہو چکا ہے-

7- ایم- ٹی- اے کا اجراء ماضی و حال کی تاریخ میں لاثانی کارنامہ ہے- جو آج تمکین دین کے لئے ایک موثر ہتھیار کا کام دے رہا ہے-

فتوحات کی بشارت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ایک موقع پر یہ بشارت دی تھی کہ خلافت کی برکت سے وہ فتوحات یقیناً ہوں گی جن کا نظارہ ہم آج کر رہے ہیں- آپ فرماتے ہیں-

''یہ خلافت کی ہی برکت ہے........ اب تم روز پڑھتے ہو کہ جماعت خدا تعالیٰ کے فضل سے روز بروز بڑھ رہی ہے اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو تم اور بھی ترقی کرو گے اور اس وقت تمہارا چندہ بیس پچیس لاکھ سالانہ نہیں ہوگا بلکہ کروڑ، دو کروڑ، پانچ کروڑ، دس کروڑ، بیس کروڑ، پچاس کروڑ ارب- کھرب- پدم بلکہ اس سے بھی بڑھ جائے گا اور پھر تم دنیا کے چپہ چپہ میں اپنے (مبشرین) رکھ سکو گے......... اگر تم اپنے ایمان کو قائم رکھو گے تو تم اس دن کو دیکھ لو گے-''

(مشعل راہ ص 766 جدید ایڈیشن)

آج ہر احمدی حلفاً یہ گواہی دینے کو تیار ہے کہ ان خوشخبریوں کو وہ دن بدن پورا ہوتے دیکھ رہا ہے-

خوف کو امن میں بدلنے کے نظارے

جماعت احمدیہ اپنے وجود میں متعدد بار یہ نظارے دیکھ چکی ہے کہ کس طرح خوف کے حالات خلافت ہی کے زیر سایہ امن میں تبدیل ہوئے-

1- حضرت اقدس مسیح موعود کے وصال پر قدرت ثانیہ کے ذریعہ خوف کے حالات کو امن میں بدلا گیا-

2- غیر مبایعین کے فتنہ کے وقت خوف کو امن میں بدلا گیا-

3- سن 1934ء، 1953ء، 1974ء، 1984ء میں پیدا ہونے والے خوفناک حالات و واقعات کو امن میں بدلا گیا-

4- اجتماعی خطرات کے ساتھ ساتھ انفرادی خطرات سے خلافت نے اپنی قوت قدسی اور دعاؤں سے امن دیا-

سیدنا حضرت المصلح الموعود فرماتے ہیں-

''جماعت پہ بڑے بڑے خطرات کے اوقات آئے مگر خدا تعالیٰ نے ہر خطرہ کی حالت میں میری مدد کی اور میری وجہ سے اس خوف کو امن سے بدل دیا گیا-''

پھر فرمایا-

''ارتداد ملکانہ کا فتنہ لے لو- رنگیلا رسول کے وقت کی ایجی ٹیشن کو لے لو- یا ان بہت سی سیاسی

ہمارے ہاں کاسمیٹکس کی تمام ورائٹی موجود ہے
السید پبلک کال آفس اینڈ جنرل سٹور
چوک قلعہ کالروالا (سیالکوٹ)
پروپرائٹر: سید حسنات احمد۔ فون آفس 0303-7550503

کوالٹی بانس سٹور
ایوب چوک جھنگ صدر
فون دوکان P.P-047-620988

کشمیر برکس سپلائرز
بورے والا روڈ وہاڑی
پروپرائٹر: محمد ریاض بٹ
فون آفس: 0693-64004

ہمارے ہاں ہر قسم کی سائیکلیں دستیاب ہیں
محبوب عالم اینڈ سنز
راجپوت سائیکل ورکس
